پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

22 جولائی 2016

آر بی آئی نے ،، سردار بھیلڑ والا پردی پیوپلس کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، کلاّ پردی، ضلع ولساڈ (شیڈیولیڈ یوسی بی) گجرات پر جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک آف انڈیا نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (1)47A جس کو سیکشن (4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ آپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ اپنے میمبرس کو ایک لاکھ روپیہ کی لمٹ سے زیادہ قرض بانٹنے پر جو کہ ریزرو بینک سے رہنما اصولوں کی خلاف ورزی ہے کی وجہ سے، ، سردار بھیلڑ والا پر دی پیوپلس کو آپریٹو بینک لمیٹڈ، کلِا پر دی، ضلع ولساڈ، (شیڈ یولڈ یوسی بی) گجرات پر ایک لاکھ روپیہ (/-Rs.1,00,000) کا مالی جرمانہ عائد کیا ہے۔

ریزرو بینک نے اس بینک کو اس کی 31 مارچ 2015 تک کی مالی حالت پر انسپکشن رپورٹ کے نتیجہ کی بنیاد پر ایک وجہ بتاؤ (شوکاز) نوٹس جاری کیا تھا۔ اسکے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا اور ذاتی طور پر ریزرو بینک کے سینٹرل آفس، ممبئی میں ای ڈیز کی کمیٹی کے سامنے پیش ہوکر اپنی بات رکھی۔ معاملہ کی حقیقت سمجھنے اور بینک کے تحریری جواب پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور جرمانہ کا حکم صادر کردیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 203/2016.2017